سوال

(300) ایامِ حیض میں آیتِ سجدہ سن کر عورت کا سجدہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کوئی عورت اپنے ایام حیض میں اگر آیت سجدہ سنے تو سجدہ تلاوت کر سکتی ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

سجدہ تلاوت کے سلسلے میں سنت یہ ہے کہ آیت سجدہ سننے پر آدمی تبھی سجدہ کرے جب پڑھنے والا سجدہ کرے۔ رہا حائضہ عورت کا سجدہ تلاوت کرنا تو سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اور سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ یہ حضرات اسے سجدہ کرنے کی اجازت دیتے تھے۔ لیکن اگر وہ اس سے بغرض احتیاط گریز کرے تو افضل ہے کیونکہ اکثر اہل علم نے اس سے منع کیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 263

محدث فتویٰ